28/05/2025

12.30 PM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

**وزیر اعلیٰ**

سیاحتی مقامات سے اقوام عالم تک امن کا پیغام پہنچانے کی ایک کڑی کے تحت وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ کی صدارت میں آج گلمرگ میں ایک اورکابینہ اجلاس منعقد ہورہا ہے۔اس بات کا فیصلہ کل پہلگام میں منعقد ہوئی کابینہ میٹنگ میں لیا گیا ہے۔سیاحتی مقامات پر اس طرح کی میٹنگیں منعقد کرنے کا مقصدبیان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ سیاحوں میں تحفظ کا احساس پیدا کرنا اور سیاحت و معیشت کی بحالی کی راہ ہموار کرنا ہے۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے پہلگام کے قریب بائسرن میں ہوئے حملے کے 26 متاثرین کی یاد میں ایک یادگار قائم کرنے کا اعلان کیا ہے ۔ پورے ملک سے آئے ہوئے ٹور اینڈ ٹریول آپریٹروں کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یادگار کو عالیشان، با وقار اور قابل احترام بنانے کی غرض سے لوگوں سے تجاویز بھی طلب کی جائیں گی ۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے سالانہ امر ناتھ یاتراکے سلسلے میںانتظامات کا جائزہ لینے کے لئے نن ون بیس کیمپ کا دورہ کیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ دورے کے دوران انہوں نے زمینی سطح پر کام کر رہے اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی اور انہیںیاتریوں کی حفاظت یقینی بنانے اور ان کیلئے بہتر سہولیات بہم پہنچانے کی خاطر آپسی تال میل سے کام کرنے پر زور دیا۔

**پدم ایوارڈ**

سماج کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو
ا

---

ن کی گراں قدر خدمات کے صلہ میں پدم ایوارڈ سے نوازے جانے کی خاطر کل شام راشٹر پتی ±

بھون نئی دلی میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں69 شخصیات کو پدم ایوارڈس سے نوازا گیا ہے جن میں سے 3 کو پدم وبھوشن، 9 افراد کو پدم بھوشن اور 57 افراد کو پدم شری ایوارڈ عطا کئے گئے۔ پدم ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں جموں کشمیر کی دو شخصیات بھی شامل تھیں ۔ فزیکس کے سابق پروفیسر للت کمار منگوترا کو ادب و تعلیم کے لئے پدم شری عطا کیا گیا جبکہ فاروق احمد میر کو شالبافی میں ان کی گراں قدر خدمات کیلئے پدم شری سے سرفراز کیا گیا۔

**نائب وزیر اعلیٰ**

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے اننت ناگ کے مٹن میں مچھہ بھون اور مارتنڈ میں وزیر اعظم پیکج کے تحت کشمیری مہاجر ملازمین کیلئے ٹرانزٹ رہائش کے تعمیراتی کام کا معائینہ کیا۔اس موقعہ پر انہیں بتایا گیا کہ اب تک 15 بلاکس میں سے 10 بلاکس مکمل ہو چکے ہیں اور 5 بلاکس پر کام جاری ہے۔ نائب وزیراعلیٰ نے افسران کومقررہ مدت کے اندر کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت دی۔

**سکینہ اِیتو**

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ اِیتو نے گورنمنٹ بائز ڈِگری کالج اننت ناگ کا اَچانک دورہ کیا اور اِدارے کے کام کاج، بنیادی ڈھانچے اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ موصوفہ نے دورے کے دوران سہولیات کاجائزہ لیتے ہوئے کالج کے پرنسپل،فیکلٹی ممبران اور اِنتظامیہ سے تبادلہ خیال کیا۔

**اعجاز اسد**

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل بال تل بیس کیمپ کا دورہ کیا ۔ انہوں نے سونہ مرگ میں سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے لئے صفائی سہولیات کا جائزہ لیا ۔ اس دوران انہوں نے مختلف کیمپوں کا بھی دورہ کیا۔

**بارش**

گذشتہ شام وادی کے طول و ارض میں موسمی صورتحال میں یکسر تبدیلی آنے کے بعد تیز ہوائیں چلیں جبکہ بارشوں کے ساتھ ساتھ کچھ ایک علاقوں میں ژالہ باری بھی ہوئی۔ بڈگام میں تیز ہوائیں چلنے کے نتیجے میں چند رہائشی ڈھانچوں کو نقصان ہوا جبکہ سڑکوں پر کئی مقامات پر درخت گر آنے کے نتیجہ میں ٹریفک کی آواجائی میں بھی خلل پڑا۔ اس دوران میوہ باغات کو بھی نقصان ہوا ہے۔ وادی کے دیگر علاقوں میں بھی تیز
ہواو

ں اور ژالہ باری سے میوہ باغات اور دیگر فصلوں کو نقصان ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ۂ ہیں۔ اس دوران ترال کے واگڑ علاقے ہیں ایک پیڑ گرنے سے ایک خاتون جاں بحق ہوئی ہے۔

**ٹرانسپورٹ کمشنر**

ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن نے عوام اور ٹرانسپورٹرونکی شکایات کے ازالے اور ٹرانسپورٹ محکمہ کے کام کاج کا جائیزہ لینے کی غرض سے ضلع کپواڑہ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے لوگوں اور ٹرانسپورٹرونکے ساتھ بات چیت کی جس دوران مختلف مسائل اجاگر کئے گئے۔ انہوں نے عوام اور ٹرانسپوٹروں کویقین دلایا کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

**ڈپٹی کمشنر کولگام**

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع کے منز گام علاقے مینملہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقین کو اس مذہبی تہوار کے احسن انعقاد کے لئے تمام انتظامات وقت پر یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

**نشہ مکت جموں کشمیر**

منشیات اور منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے کپوارہ، پلوامہ اور بڈگام سے الگ الگ کاروائیوں کے دوران 4 منشیات فروشوں کو گر فتارکر لیا ہے۔پلوامہ پولیس نے پکھر پورہ سے تعلق رکھنے والے جاوید میر نامی منشیات فروش کو 60 گرام چرس کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔

کپواڑہ پولیس نے ٹکر کپواڑہ سے دانش شیخ نامی منشیات فروش کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایک اور کاروائی میں بڈگام پولیس نے محمد اسماعیل پرہ اور شاہد احمد شیخ نامی منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ